

Copyright from left to right © ICCROM - WCSM - NCAM; © World Monuments Fund; © World Monuments Fund; © Yoohoo Media

# ثقافتی ورثے کو جوڑنے

## درخواست جمع کرنا

## یہ کیا ہے؟

ثقافتی ورثے کو جوڑنے کا پروگرام ثقافتی ورثے کے تحفظ میں شامل لوگوں کے لیے شرکاء کا آپس میں ایک دوسرے سے اور باہمی تعاون پر مبنی سیکھنے کا عمل ایک بین الاقوامی پروگرام ہے۔ اس بات پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے کہ ثقافتی ورثہ کے تحفظ میں کون سی چیز کارآمد ہے (اور کونسی نہیں)، یہ پروگرام 11 مہینوں کے دوران آن لائن سیشنز کی ایک سیریز کے ذریعے 30 افراد کو ایک دوسرے سے سیکھنے اور مدد فراہم کرنے کے لئے اکٹھا کرتا ہے۔

ثقافتی ورثے کو جوڑنے کا پروگرام ہر ایک کو اپنے تجربات کا اشتراک کرنے کے قابل بنانے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے: آپ نے کیا سیکھا ہے، آپ کا طریقہ، آپ کے چیلنجز اور اچھے خیالات کیا ہیں۔ حتمی مقصد آپ کے اعتماد، علم اور سپورٹ نیٹ ورک میں اضافہ کرکے آپ کے مستقبل کے کام میں آپ کی مدد کرنا ہے۔

### پروگرام کی ساخت

ثقافتی ورثے کو جوڑنے کا پروگرام مشرق وسطی، شمالی افریقہ، مشرقی افریقہ اور جنوبی ایشیا کے ثقافتی ورثے کے تحفظ میں کام کرنے والے متعدد پریکٹیشنرز اور تنظیموں کے تعاون سے ترتیب دیا گیا تھا۔ یہ 8 ہفتوں والے 3 ایسے مرحلوں پر مشتمل ہے جن میں سے ہر ایک کا ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق توجہ کا مرکزی نقطہ مختلف ہے۔

1. سب سے پہلے ہم ثقافتی ورثے کے تحفظ کے ماہرین کے طور پر آپ کے طرز عمل کو تلاش کریں گے۔ ممکنہ موضوعات: مقامی اور روایتی طریقہ کار کی حمایت، مطلب تلاش کرنا، پائیدار ترقی، اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنا۔
2. دوسرے مرحلے میں ہم انتظامیہ کے چیلنجوں کی حد تک جائیں گے۔
   ممکنہ موضوعات: جانچنا اور سیکھنا، فنڈنگ، ڈیجیٹلائزیشن، آرکائیونگ اور دستاویزات، اور تنوع کا انتظام کرنا۔
3. آخری مرحلے میں ہم وکالت اور اپنے کام کا مقدمہ بنانے کے بارے میں سوچیں گے۔
   ممکنہ موضوعات: شراکت داری اور اتحاد، ثقافتی تعلقات، پالیسی سازوں سے بات چیت، اور ثقافتی ورثے کے لیے مقدمہ۔

ہر مرحلے کے دوران ایک تعارفی سیشن ہوگا، اس کے بعد موضوع سے متعلق چھوٹے گروپ سیشن ہوں گے، اور ہم سمری سیشن کے ساتھ پروگرام کا اختتام کریں گے۔ ہر مرحلے کے بعد، ہمارے پاس پروگرام پر غور کرنے اور سیکھنے کے عمل کا اشتراک کرنے کا وقت دستیاب ہوگا۔ بطور شریک، آپ ہر مرحلے میں دریافت کرنے کے لیے مسائل اور مضامین تجویز کرنے اور ان کا انتخاب کرنے کے قابل ہوں گے۔



جولائی 2023 – مئی 2024

کچھ آف لائن کام کے ساتھ کل تقریباً 35 گھنٹوں پر مشتمل کے آن لائن سیشنز

پروگرام کے سیشنز Zoom کے ذریعے پیش کیے جائیں گے۔
دوسرے شرکاء اور پروگرام پیش کرنے والی ٹیم کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے ایک آن لائن چینل بھی ہوگا۔

پروگرام کا انعقاد انگریزی میں ہوگا تاہم محدود تعداد میں دوسری زبانوں کے لیے معاونت دستیاب ہے۔

آپ کو آپ کی شمولیت کے بدلے £1200 ادا کیے جائیں گے جس کی ادائیگی دو اقساط میں ہوگی، پہلی قسط کی ادائیگی پروگرام کے آغاز میں اور دوسری کی پروگرام کی کامیاب تکمیل پر کی جائیگی۔

## یہ پروگرام کن کے لئے ہے؟

ثقافتی ورثے کو جوڑنے کا پروگرام ان لوگوں کے لیے ترتیب دیا گیا ہے جو:

- ثقافتی ورثے کے تحفظ میں فعال کردار ادا کرتے ہیں۔
- کمیونٹی لیڈر/آرگنائزر، ثقافتی ورثہ پریکٹیشنر، پروجیکٹ لیڈ/مینیجر جیسے کردار
- موزوں ممالک میں سے کسی ایک میں ثقافتی ورثے کے تحفظ میں کام کرنے کا تجربہ:
  - مشرق وسطی اور شمالی افریقہ: الجیریا، مصر، عراق، اردن، لبنان، لیبیا، مقبوضہ فلسطینی علاقے، شام، تیونس، یمن
  - مشرقی افریقہ: ایتھوپیا، کینیا، سوڈان، تنزانیہ، یوگنڈا
  - جنوبی ایشیا: بنگلہ دیش، نیپال، پاکستان
- بین الاقوامی ساتھیوں کے ساتھ 'ثقافتی ورثے کے تحفظ میں کون سی چیز کارمد ہے' کا اشتراک کرنے اور سیکھنے کا عزم
- عملی طور پر حصہ لینے کی صلاحیت (گروپ سیشنز کے دوران انٹرنیٹ اور Zoom تک رسائی اور سیشنز کے درمیان معلومات کا اشتراک کرنے والے پلیٹ فارمز)
- انگریزی بول چال میں عملی کام سے کچھ واقفیت

پروگرام میں شمولیت درخواست کے ذریعے ہے۔ شرکاء کا انتخاب پروگرام کے لیے ان کی موزونیت اور گروپ میں مہارتوں، تجربے اور مفادات کا ایک اچھا توازن حاصل کرنے کے لیے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ پیشہ ورانہ ترقی میں حصہ لینے پر لاگت آتی ہے اور اس لیے رسائی میں مساوات کو قائم رکھنے میں معاونت کے لیے ہم تمام شرکاء کو مقرر کردہ ایک معمولی سی "شرکت کی فیس" تجویز کرتے ہیں۔



### توقعات

اگر آپ کو اس پروگرام میں حصہ لینے کے لئے منتخب کیا گیا ہے تو ہم آپ سے توقع کریں گے کہ:

- اس پروگرام اور منتخب گروپ کا ایک فعال حصہ بننے کے لئے پرعزم رہیں۔
- ثقافتی ورثے کے تحفظ کے حوالے سے اپنے تجربات کے بارے میں بات کرنے اور دوسروں کی بات غور سے سننے کے لیے تیار رہیں۔
- دوسروں کی بات کو قبول کرنے، ایمانداری کا مظاہرہ کرنے، اور ساتھیوں کی کوششوں اور سیاق و سباق کا احترام کرتے ہوئے آپس میں ایک دوسرے سے سیکھنے کے اصولوں پر عمل پیرا رہیں۔
- اپنے سیکھنے کے عمل اور یہ کہ آپ دوسروں سے کیا سیکھ سکتے ہیں کے بارے میں متجسس رہیں۔
- اس بات پر غور کریں کہ آپ پروگرام سے باہر اپنی کمیونٹی یا تنظیموں اور نیٹ ورکس کے ساتھ سیکھنے اور نتائج کا اشتراک کیسے کرسکتے ہیں۔
- اپنے سیکھنے کے عمل کی ذمہ داری خود اٹھائیں۔ انکوائری کی غرض سے ہم آپ سے کسی خاص شعبے کی نشاندہی کرنے اور پروگرام کے دوران انفرادی "سیکھنے کے لاگ" یا ڈائری کے ذریعے اس پر نظر رکھنے کے لیے مدعو کریں گے۔
- ہر مرحلے کے دوران تمام مکمل گروپ سیشنز اور کم از کم تین چھوٹے گروپ سیشنز میں حصہ لیں۔
- تجزیے کے مقاصد کے لیے پورے پروگرام میں اپنے تجربے کی عکاسی کریں اور اس پر اپنی رائے دیں۔

## میں کس طرح درخواست دوں؟

درخواست جمع کرنا

براہ کرم درخواست دینے کے لئے اس درخواست فارم کو مکمل کریں۔

اگر آپ اوپر بیان کیے گئے درخواست دہندہ کے پروفائل پر پورا اترتے ہیں تو براہ کرم درخواست کے سوالات کے جوابات اتنی تفصیل کے ساتھ دیں جتنی آپ دی گئی الفاظ کی حد کے اندر فراہم کر سکتے ہیں۔ آپ کو الفاظ کی مقرر کردہ مکمل حد استعمال کرنے یا ہمیں مخصوص منصوبوں کے بارے میں بہت ساری تفصیلات دینے کی ضرورت نہیں ہے لیکن اتنی تفصیل ضرور فراہم کریں جو ثقافتی ورثے کے تحفظ میں ہمیں آپ کے مفادات اور تجربے کی حد کے بارے میں اچھی طرح سے سمجھنے میں مددگار ہو۔

### اپنی درخواست جمع کرانا

جب آپ کی درخواست مکمل ہو جاتی ہے تو براہ کرم درخواست دینے کے لیے 'جمع کروائیں' بٹن پر کلک کرنے کو یقینی بنائیں۔ آپ کی درخواست جمع ہونے کی تصدیق کے لیے آپ کو ایک ای میل آپ کو بھیجا جائے گا۔

براہ کرم یقینی بنائیں کہ آپ کی درخواست مقررہ وقت یعنی 19 جون 2023 کو برٹش سمر ٹائم کے مطابق 9:00 بجے سے پہلے تک جمع کرائی گئی ہے، کیونکہ مقررہ وقت کے گزر جانے کے بعد جمع کروانے کی صورت میں آپ کی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔

### انتخاب کا عمل

ایک شفاف معیاری پیمائش کے عمل کا استعمال کرتے ہوئے پروگرام کے شرکاء کا حتمی انتخاب مندرجہ ذیل معیار پر مبنی ہوگا:

- آپ مطلوبہ پروفائل سے کتنی بہتر مماثلت رکھتے ہیں (اوپر ملاحظہ کریں کہ یہ کس کے لیے ہے)
- دوسروں کے ساتھ منسلک ہونے اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے 'کون سی چیز کارآمد ہے' میں اپنا حصہ ڈالنے میں آپ کی دلچسپی
- پروگرام اور اس کے اہداف سے آپ کے مفادات اور تجربے کی مناسبت



- مہارتوں، مفادات اور پیشہ ورانہ تجربے کا ایک حسین امتزاج حاصل کرنا (بشمول تجربے کی مدت اور نوعیت کے، چاہے آپ نے کسی کمیونٹی کی چاردیواری کے اندر کسی ثقافتی ورثے میں یا کسی ثقافتی ورثے کی تنظیم میں کام کیا ہو)
- موزوں ممالک میں زندہ تجربے، صنف اور جغرافیائی پھیلاؤ کا ایک امتزاج حاصل کرنا

پروگرام کا انعقاد انگریزی میں ہوگا تاہم ہم کچھ ترجمہ شدہ مواد فراہم کرنے اور محدود تعداد میں زبانوں کے لیے سیشنز کے دوران کچھ تشریحی معاونت پیش کر سکنے کے قابل ہوں گے۔

درخواستوں کو انتخاب کے مندرجہ بالا معیار کی بنیاد پر شارٹ لسٹ کیا جائے گا۔ ثقافتی ورثے کے تحفظ میں مہارتوں کے توازن، تجربے اور دلچسپی جیسے عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے حتمی فیصلے ایک پینل کی جانب سے کیے جائیں گے۔

آپ سے 26 جون 2023 تک اپنی درخواست کے نتائج سے متعلق ای میل کے ذریعے رابطہ کیا جائے گا۔ اگر آپ کا انتخاب عمل میں آتا ہے تو آپ سے سیکھنے کے ایک معاہدے پر دستخط کرنے کے لیے کہا جائے گا جو پروگرام میں آپ کے کردار، ذمہ داری اور پروگرام کے لیے آپ کے عزم کا ایک خاکہ پیش کرتا ہے۔

## سوالات اور مزید معلومات

اگر آپ کے ذہن میں پروگرام یا درخواست کے طریقہ کار کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو براہ کرم caitlin.wagner@theaudienceagency.org پر ای میل بھیج دیں۔

اگر آپ پروگرام کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں اور اپنے خطے میں ہمارے شرکاء میں سے کسی سے بات کرنا چاہتے ہیں تو براہ کرم متعلقہ شریک کو ای میل کریں:

- مشرق وسطی اور شمالی افریقہ: المورد الثقافی
- مشرقی افریقہ: Bayimba فاؤنڈیشن
- جنوبی ایشیا: ایشیا یورپ فاؤنڈیشن

ہم 08 جون کو برٹش سمر ٹائم کے مطابق صبح 9 بجے پر پروگرام کے بارے میں ایک مختصر بریفنگ سیشن کا انعقاد کر رہے ہیں جس کے دوران ہم آپ کے کسی بھی سوال کا جواب بھی دے سکتے ہیں۔ بریفنگ سیشن انگریزی میں منعقد کی جائے گی۔ حاضری اختیاری ہے اور تقریب کے بعد اس صفحے پر سیشن کے نوٹس شیئر کیے جائیں گے۔ براہ کرم اپنی حاضری رجسٹر کریں اوریہاں سے سیشن کے لئے ایک لنک حاصل کریں۔

درخواست جمع کرنا



# ہمارے بارے میں

ثقافتی ورثے کو جوڑنے کا پروگرام [Asia-Europe Foundation]، [Bayimba]، [The Audience Agency]، اور [Culture Resource] کی جانب سے برٹش کونسل کلچرل پروٹیکشن فنڈ کے What Works پروگرام کے ایک حصے کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے۔

ثقافتی ورثے کو جوڑنے کا پروگرام برطانوی کونسل نے ثقافتی تحفظ فنڈ کے کام کے ایک حصے کے طور پر شروع کیا تھا تاکہ پریکٹیشنرز کے اعتماد، علم اور نیٹ ورک کو فروغ دینے میں معاونت حاصل کی جا سکے۔ یہ پروگرام برٹش کونسل کے باہمی تعاون اور شرکاء کا آپس میں ایک دوسرے سے سیکھنے کے طریقہ کار کے لیے سیکھنے اور بہترین عمل سے آگاہ کرنے میں بھی مدد کرے گا۔

ثقافتی تحفظ فنڈ (CPF) کی سربراہی برٹش کونسل برطانوی حکومت کے ڈیجیٹل، ثقافت، میڈیا اور کھیل کے محکمہ (DCMS) کے ساتھ اشتراک میں کرتی ہے۔ فنڈ کا بنیادی مقصد ثقافتی ورثے کو فروغ دینے، اس کو تحفظ فراہم کرنے اور فروغ دینے کے لیے درکار صلاحیتوں کو ایجاد کرنے کے ذریعےسماجی اور معاشی ترقی کے لیے پائیدار مواقع پیدا کرنے میں مدد حاصل کرنا ہے۔ CPF ثقافتی ورثے کے مقامات اور اشیاء کو محفوظ رکھنے کے ساتھ ساتھ ثقافتی ورثے کی ریکارڈنگ، تحفظ اور بحالی میں معاونت کرنے والے منصوبوں کو فنڈز فراہم کرتا ہے۔ یہ مقامی کمیونٹیز کو تربیت اور تعلیم کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے، انہیں طویل مدت میں اپنے ثقافتی ورثے کی قدر کرنے، دیکھ بھال کرنے اور اس سے فائدہ اٹھانے کے قابل اور بااختیار بناتا ہے۔ 2016 کے بعد سے ثقافتی تحفظ فنڈ نے 16 ممالک میں 112 منصوبوں کو 35£ ملین سے زیادہ فراہم کیے ہیں۔

ثقافتی ورثے کو جوڑنے کا عمل ثقافتی تحفظ فنڈ کے 'What Works' پروگرام کا حصہ ہے جس کا مقصد بین الاقوامی ثقافتی ورثے کے تحفظ کے شعبے میں پریکٹیشنرز اور دیگر فیصلہ سازوں کو بہترین دستیاب ثبوت لا کر ثقافتی ورثے کے تحفظ اور مقامی کمیونٹیز کے لیے بہتر نتائج کی حمایت کرنا ہے۔ باخبر تحقیق، فیصلہ سازی کے طریقوں، سیکھی گئی بہترین مشقوں اور اسباق کا اشتراک کر کے، اس کا مقصد ثقافتی ورثے کے تحفظ اور ترقیاتی شعبوں میں مزید مربوط اثرات میں حصہ ڈالتے ہوئے مزید تعاون کو فروغ دینا ہے۔ What Works نقطہ نظر ثقافتی ورثے کے تحفظ میں اعلیٰ معیار کے قابل استعمال شواہد تک بہتر رسائی؛ ثبوت کو استعمال کرنے کے لئے حوصلہ افزائی میں اضافے؛ شواہد کو اچھی طرح سے استعمال کرنے کی بہتر صلاحیت اور فیصلہ سازی میں شواہد کے استعمال کے مواقع میں اضافے کے گرد گھومتا ہے۔

ذیل میں دیے گئے لوگوز پر کلک کر کے شرکاء کے بارے میں مزید جانئیے: